NEW YORK CITY DOT Department of Transportation

ہدایات اور درخواست
نیویارک سٹی کی خصوصی پارکنگ کی شناخت کا اجازت نامہ
(جس کو سٹی کی معذوری کی پارکنگ کا اجازت نامہ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے)
معذور افراد کے لیے پارکنگ کے اجازت نامے (Parking Permits for People with Disabilities, PPPD)

ہیلو،

اپنے گاہکوں کی بہتر خدمت کے لیے، نیویارک سٹی کی محکمہ ٹرانسپورٹیشن (DOT) کے معذور افراد کے لیے پارکنگ کے اجازت ناموں (PPPD) کی یونٹ نے اکثر پوچھے گئے سوالات کی ایک فہرست جمع کی ہے جس سے درخواست کے عمل میں نئے درخواست دہندگان کو رہنمائی مل سکتی ہے۔

میں کیسے جانوں کہ کیا میں PPPD اجازت نامے کے لیے اہل ہوں؟

اگر آپ سٹی کے رہائشی یا غیر رہائشی ہیں اور مستقل طور پر معذور ہیں جو نقل وحرکت کو سنگین طریقے سے متاثر کرتی ہے اور نقل وحمل کے لیے نجی گاڑی کے استعمال کا تقاضہ کرتی ہے، تو آپ اہل ہو سکتے ہیں۔ *براہ مہربانی دھیان دیں کہ تجارتی گاڑی کے پلیٹ، ڈیلر پلیٹ یا کرایے کی گاڑی کے لیے درج کردہ پلیٹ کو PPPD کے اجازت نامے پر درج نہیں کیا جا سکتا ہے۔*

PPPD کے اجازت نامے کے لیے مجھے کون سے دستاویزات فراہم کرنا ضروری ہے؟

درخواست دہندگان کو درج ذیل دستاویزات فراہم کرنے کی ضرورت ہے:

- ریاست کی طرف سے جاری کردہ لائسنس، غیر ڈرائیور کا شناختی کارڈ، یا کوئی بھی NYC کا میونسپل شناختی کارڈ (IDNYC)۔ براہ مہربانی اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کی درخواست پر موجود نام اور پتہ آپ کے شناختی کارڈ کے پتے سے میل کھاتا ہو۔
- ایک مصدقہ درخواست اور کسی میڈیکل ڈاکٹر (M.D.)، یا دستی جراحی کے ڈاکٹر (D.O.)، کی طرف سے آپ کی معذوری کے **حمایتی طبی دستاویزات (جس پر آپ کی درخواست سے (1) کیلنڈر سال کے اندر کی تاریخ درج ہو)**، اور نیویارک سٹی کے محکمۂ صحت اور حفظان ذہنی صحت (DOHMH) کی طرف سے نامزد کسی ڈاکٹر کے ذریعہ تصدیق شدہ ہو۔

کس قسم کی گاڑی کی معلومات کی ضرورت ہوتی ہے؟

درخواست دہندگان کو لازمی طور پر ہر لائسنس پلیٹ کے لیے موجودہ اور درست گاڑی کے رجسٹریشن کی ایک کاپی فراہم کرنا ضروری ہے جسے اجازت نامے کے ساتھ رجسٹر کیا جائے گا (زیادہ سے زیادہ تین پلیٹ)۔ براہ مہربانی گاڑی کے ونڈ شیلڈ کے اسٹیکر کی تصاویر نہ بھیجیں۔ DOT کسی بھی ایسے لائسنس کے پلیٹ نمبر کو قبول نہیں کرے گا جن کے نیویارک سٹی کے محمکہ خزانہ (DOF) کے پاس بقایا پارکنگ کی خلاف ورزی کا فیصلہ ہے۔ بقایا پارکنگ کی خلاف ورزی کے فیصلے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی nyc.gov/DOF پر DOF کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ *براہ مہربانی دھیان دیں کہ اگر آپ کسی کرایے کی گاڑی کو رجسٹر کروانا چاہتے ہیں، تو آپ کو اس گاڑی کے لیز کے معاہدے کی کاپی منسلک کرنا ضروری ہے۔*

میں اپنی درخواست کیسے جمع کروں؟

- درخواست کا جائزہ لیں اور دستخط کریں۔
- درخواست فارم پر تمام مطلوبہ معلومات کو منسلک کریں۔
- اپنے فارم کو مندرجہ ذیل پتہ پر بھیجیں:

NYC Department of Transportation
Permits & Customer Service (PPPD Unit)
30-30 Thomson Avenue – 2nd Floor
Long Island City, NY 11101-3045

آپ اپنی درخواست کو مذکورہ بالا پتہ پر بھی چھوڑ سکتے ہیں۔ DOT کا داخلہ 47th Avenue کے قریب 30th Place پر ہے۔ کسٹمر سروس کی کھڑکی کے اوقات صبح 9:00 بجے سے شام 4:30 بجے تک ہیں۔

<u>براہ مہربانی دھیان دیں</u>: درخواست گزار کی طرف سے درخواست کو شریک حیات، یا گھریلو پارٹنر، جیسا کہ نیویارک سٹی کے انتظامی کوڈ 1-112(21) میں بیان کیا گیا ہے، والدین، سرپرست، یا ایسے شخص کی روزمرہ کے انتظام کی قانون ذمہ داری رکھنے والے قانونی افراد کے ذریعہ بھی جمع کیا جا سکتا ہے۔ براہ مہربانی دھیان دیں کہ درخواست پر نام بالکل ویسا ہی ہونا ضروری ہے جیسا کہ شناختی دستاویز پر ظاہر ہوتا ہے۔ نامکمل درخواستیں واپس کر دی جائیں گی۔

میری درخواست موصول ہونے کے بعد کیا ہوگا؟

- PPPD یونٹ تمام دستاویزات کا جائزہ لے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کی درخواست مکمل ہے۔ اگر درخواست کو نامکمل سمجھا جاتا ہے، تو وہ معلومات کو ایک خط کے ساتھ واپس کریں گے جس میں اس چھوٹی ہوئی معلومات کو بیان کیا جائے گا جس کی ضرورت ہے۔
- PPPD دفتر آپ کے مکمل کردہ درخواست کو جائزہ لینے کے لیے DOHMH کے میڈیکل سرٹیفیکیشن یونٹ میں جمع کرے گا۔ اگر DOHMH آپ کی درخواست کو منظور کرتا ہے، تو PPPD آپ کو اجازت نامہ جاری کرے گا۔
- اگر DOHMH آپ کی درخواست کو نامنظور کرے گا، تو اپیل کے عمل کی وضاحت کے ساتھ ایک خط آپ کے پاس بھیجا جائے گا۔
- براہ مہربانی دھیان دیں کہ پوری درخواست کے عمل میں 90 دنوں تک لگیں گے۔

درخواست کے ساتھ جمع کردہ پوری معلومات اور کوئی بھی بعد کی طبی دستاویزات جسے درخواست گزار DOHMH کے پاس جمع کرتا ہے، اسے خفیہ رکھا جائے گا، اور اسے انہیں لوگوں کے ساتھ اشتراک کیا جائے گا جو تصدیق اور/یا اجازت نامے کے عمل میں ملوث ہیں، اور اس حد تک جس کی اجازت ہو یا قانون کے ذریعہ ضرورت ہو۔

اس درخواست کے بارے میں اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم اس پر کسٹمر سروس کو کال کر سکتے ہیں:
(718) 433-3100، TTY کال کے لیے 504-4115 (212)۔

ہم آپ کی خدمت کرنے کے موقع کی تعریف کرتے ہیں اور آپ کے تعاون کے لیے شکریہ ادا کرتے ہیں۔

نیویارک کے باشندے vote.nyc.ny.us پر ووٹر رجسٹریشن فارم کو آن لائن یا بورڈ آف الیکشنز: 212-868-3692 فون بک: 866-VOTE-NYC پر کال کرکے حاصل کر سکتے ہیں۔ سرکاری خدمات کو ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہونے کی شرط نہیں ہے۔

NYC Department of Transportation
Permits & Customer Service-PPPD Unit
30-30 Thomson Avenue, 2nd Floor
(47th Avenue کے قریب ,30th Place پر داخلہ)
Long Island City, New York 11101-3045
TTY (212) 504-4115 • nyc.gov/dot ,(718) 433-3100

NEW YORK CITY DOT

نیویارک سٹی کا محکمہ ٹرانسپورٹ
نیویارک سٹی کی خصوصی پارکنگ کی شناخت کا اجازت نامہ
معذور افراد کے لیے پارکنگ کے اجازت نامے
(PARKING PERMITS FOR PEOPLE WITH DISABILITIES, PPPD)
سٹی کی معذوری کی پارکنگ کے اجازت نامہ کے لیے درخواست

شناختی دستاویز: براہ مہربانی اپنی ریاست کی طرف سے جاری کردہ لائسنس، غیر ڈرائیور کا شناختی کارڈ؛ یا NYC کا میونسپل شناختی کارڈ (IDNYC) کی کاپی منسلک کریں

A. درخواست گزار* کی ذاتی تفصیل *معذور شخص		**شناختی دستاویز کا نمبر (اور ریاست، اگر قابل اطلاق ہو)#**		**ایک پر دائرہ بنائیں:** ڈرائیور کا لائسنس غیر ڈرائیور کا شناختی کارڈ IDNYC	
آخری نام	پہلا نام		وسطی نام:	سوشل سیکیورٹی نمبر (صرف آخری 4 ہندسے مطلوب ہیں)	
گھر کا پتہ: گلی اور اپارٹمنٹ نمبر			جنس (دائرہ بنائیں):	قد (فٹ اور انچ میں):	وزن (پاؤنڈ میں):
شہر	ریاست	زپ کوڈ:	گھر کا نمبر	موبائل نمبر	
تاریخ پیدائش	ای میل پتہ:				

B. لائسنس پلیٹ: آپ کو ہر درج کردہ لائسنس پلیٹ نمبر کے لیے گاڑی کے رجسٹریشن کی موجود کاپی جمع کرنا ضروری ہے۔ براہ مہربانی یاد رکھیں کہ جس گاڑی کا رجسٹریشن آپ جمع کریں گے اس کی نیویارک سٹی کی پارکنگ کی خلاف ورزیوں کے لیے جانچ کی جائے گی، بقایا پارکنگ کی خلاف ورزی کے فیصلے والے کسی بھی پلیٹ کو آپ کے اجازت نامے پر پرنٹ نہیں کیا جائے گا۔ ہر اجازت نامے پر صرف تین (3) لائسنس پلیٹوں کی اجازت ہے۔

.1	.2	.3

C. اقرار نامہ

میں، نیویارک پینل قانون 210.45 § کے جرمانوں کے تحت، اعلان کرتا ہوں کہ یہاں پر موجود بیانات میرے بہترین علم اور یقین کے مطابق صحیح اور درست ہیں، اور میں نے جان بوجھ کر یا ارادی طور پر کوئی غلط بیان نہیں دیا ہے یا ایسا بیان نہیں دیا ہے جس کے جھوٹ ہونے کا مجھے علم ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پر دی گئی کسی بھی معلومات کا اشتراک صرف ان لوگوں کے ساتھ کیا جائے گا جو اجازت نامے کے عمل میں ملوث ہیں جو اس حد تک ہوگا جس کی اجازت ہو یا قانون کے ذریعہ ضروری ہو۔

______________________ تاریخ

______________________ درخواست گزار کا دستخط*

یاد رکھیں: اگر آپ کا شناختی دستاویز "دستخط کرنے کے قابل نہیں" کی نشاندہی کرتا ہے، تو براہ مہربانی مندرجہ بالا "درخواست گزار کا دستخط" کے خانے کو خالی چھوڑ دیں اور براہ مہربانی ذیل میں سیکشن D کو مکمل کریں۔ اگر آپ کو کسی مترجم کی خدمات کی ضرورت ہے، تو براہ مہربانی وضاحت کریں کہ کس زبان میں: ______________________۔

D. * اگر درخواست گزار کی عمر 18 سال سے کم ہے، تو براہ مہربانی والدین، سرپرست، یا دیگر ان افراد کا نام اور ٹیلی فون نمبر فراہم کریں جو درخواست گزار کے روز مرہ کے امور کے انتظام کے لیے قانون طور پر ذمہ دار ہوں۔ اگر درخواست گزار کی عمر 18 یا اس سے زیادہ ہے اور وہ درخواست پر دستخط کرنے سے قاصر ہے، تو براہ مہربانی شریک حیات، گھریلو پارٹنر، سرپرست، یا دیگر ان افراد کا نام اور ٹیلی فون نمبر فراہم کریں جو درخواست گزار کے روز مرہ کے امور کے انتظام کے لیے قانون طور پر ذمہ دار ہوں۔

______________________ نام

______________________ ٹیلی فون

______________________ رشتہ

______________________ قائم مقام کا نام

NYC Department of Transportation
Permits & Customer Service-PPPD Unit
30-30 Thomson Avenue, 2nd Floor
(47th Avenue کے قریب ,30th Place پر داخلہ)
Long Island City, New York 11101-3045
TTY (212) 504-4115 • nyc.gov/dot ,(718) 433-3100

طبی تفصیل کا صفحہ

یاد رکھیں: صرف آپ کا طبیب (.M.D یا .D.O) اس فارم کو مکمل کر سکتا ہے

E. مندرجہ ذیل کی طبی تفصیل اور کیفیت:

درخواست گزار کانام (جیسا کہ ریاست کی طرف سے جاری کردہ ڈرائیور کے لائسنس یا غیر ڈرائیور کے شناختی کارڈ؛ یا IDNYC میں درج ہو):

____

درخواست دہندہ کا نام

درخواست گزار کا نام جیسا کہ طبی ریکارڈز میں ہو (اگر مختلف ہو):

____

درخواست گزار کی تاریخ پیدائش: _____-_____-__________

براہ مہربانی مریض کے چلنے کی صلاحیت کے بارے میں موجودہ طبی تشخیص اور اثر کو بیان کریں۔ براہ مہربانی معاون آلات کی موجودہ ضرورت کو بیان کریں (اگر کوئی ہوں)۔ براہ مہربانی سب سے زیادہ حالیہ جانچ کا نوٹ فراہم کریں جس پر (1) کیلنڈر سال کے اندر کی تاریخ درج ہو اور معاون طبی دستاویزات (جیسے X- Ray کی رپورٹ، CT رپورٹ، MRI رپورٹ، EKG/Stress Test کی رپورٹ، PFT رپورٹ، EMG کے نتائج، اور مشیر کی رپورٹ) جو اس درخواست کے ساتھ جمع کیے جائیں گے۔

وضاحت کریں کہ یہ حالت چلنے کی صلاحیت پر کتنی شدت سے اثر انداز ہوتی ہے:

آخری جانچ کی تاریخ:

براہ مہربانی مندرجہ ذیل میں سے ایک کو منتخب کریں کیونکہ یہ نقل وحرکت کی خرابی کی حد پر لاگو ہوتا ہے:

نقل وحرکت کی خرابی ہے: عارضی ☐ مستقل ☐

آپ کی رائے میں، کیا اس شخص کو ایسی معذوری ہے جو نقل وحمل کے لیے نجی گاڑی کے استعمال کا *تقاضہ کرتی ہے*؟

ہاں ☐ نہیں ☐

براہ مہربانی اپنے مریض کو معاون طبی دستاویزات جیسے X-Ray کی رپورٹ، CT رپورٹ، MRI رپورٹ، EKG/Stress Test کی رپورٹ، PFT رپورٹ، EMG کے نتائج، اور مشیر کے رپوٹ فراہم کریں (کوئی طبی سی ڈی یا فلم قبول نہیں کی جائے گی) تاکہ وہ اس درخواست کے ساتھ سٹی کی طرف سے نامزد طبیب کے ذریعہ جائزے کے لیے جمع کرے جو درخواست گزار کے نقل وحرکت کی خرابی کی تصدیق کرے گا۔ یہ ضروری ہے کہ آپ اس صفحہ کی معلومات کو درست طریقے سے اور اچھی طرح سے مکمل کریں۔

درخواست گزار کے ذاتی طبیب کی تصدیق:

میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے ذاتی طور پر اوپر درج کیے گئے نام کے درخواست گزار کا معائنہ کیا ہے اور یہ کہ اس شخص کی معذوری سے متعلق اس درخواست میں پیش کی گئی معلومات درست ہے۔

ذیل میں دستخط کر کے آپ یہ تصدیق کر رہے ہیں کہ آپ کے ذریعہ فراہم کردہ معلومات صحیح اور مکمل ہے، کوئی بھی غلط تحریری بیان NYS پینل قانون کے دفعہ 210.45 کے تحت قابل سزا ہے۔ اس کے علاوہ، آپ کے کسی بھی غلط تحریری بیانات کی اطلاع NYS کے محکمہ صحت کے پیشہ ورانہ طبی برتاؤ کے دفتر(NYS Department of Health Office of Professional Medical Conduct) کو دی جا سکتی ہے۔

M.D یا D.O کا دستخط	(M.D یا D.O کا نام پرنٹ کریں)	پیشہ ورانہ لائسنس نمبر، ریاست
تاریخ	پتہ	ٹیلی فون نمبر

NYC Department of Transportation
Permits & Customer Service-PPPD Unit
30-30 Thomson Avenue, 2nd Floor
(47th Avenue ,30th Place کے قریب پر داخلہ)
Long Island City, New York 11101-3045
TTY (212) 504-4115 • nyc.gov/dot ,(718) 433-3100

آپ کے نیویارک سٹی کی خصوصی پارکنگ کی شناخت کے اجازت نامہ کے ساتھ شامل کرنے کے لیے طبی دستاویزات (جس کو معذور افراد کے لیے پارکنگ کے اجازت ناموں درخواست (Parking Permits for People with Disabilities Application, PPPDA) کے نام سے بھی جانا جاتا ہے)

براہ مہربانی اپنے میڈیکل ڈاکٹر یا دستی جراحی کے ڈاکٹر سے دراخواست کریں:

1. **معاون طبی دستاویزات جس پر آپ کی درخواست سے ایک (1) کیلنڈر سال کے اندر کی تاریخ درج ہو جس میں قابل خواندگی طبی جانچ کے نوٹ کے ساتھ آپ کی تشخیصی ٹیسٹ/رپورٹ شامل ہو۔**

2. **آپ کے طبیب کے جانچ کے نوٹ کو آپ کی نقل وحرکت کی خرابی کی شدت کو تحریر کرنا چاہئے۔ (چلنے کی صلاحیت)۔**

طبی حالات کی بنیاد پر ذیل میں معاون دستاویزات کی مثالیں درج کی جاتی ہیں:

قلبی وعائی: جانچ کے نوٹ، EKG، ایکو کارڈیوگرام، Stress Test (صرف رپورٹ)، ڈاپلر اور اینجیو گرافی۔ براہ مہربانی اضافی صلاحیت بیان کریں۔

پلمونری: جانچ کے نوٹ، PFT’s CXR CT Scan، دن میں 12 گھنٹے سے زائد اضافی آکسیجن کی ضرورت کی اطلاع دیں۔

کمر درد/ورم مفاصل: جوڑوں کے امراض تقویم الاعضائی، نیورولوجی کی جانچ کے نوٹ، MRI، ایکسرے، EMG**رپورٹ**، جراحی تفصیل کا خلاصہ، **معاون آلات کی ضرورت(چھڑی، واکر، تسمہ، پہیے والی کرسی، وغیرہ)۔**

کینسر کی تشخیص: سلعیات کے نوٹ - موجودہ کیفیت، جاری علاج - کیمو، تابکاری وغیرہ۔ سرجری کی تفصیل۔

دائمی گردے کی ناکامی: ڈایا لائسز، ٹرانسپلانٹ کی کیفیت، موجود لیب کا ڈیٹا، **ڈایالائسز یونٹ سے جاری علاج کی دستاویزکاری۔**

پیدائشی خلقی حالات (دماغی فالج، ڈاؤنس، وغیرہ) جسمانی جانچ کے نوٹ، تقویم الاعضا، نیورولوجی، یا مناسب خصوصیت۔

ذہنی صحت کے حالات: نفسیاتی تشخیص، جانچ کے نوٹ، انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے رپورٹ، اور/یا نیورولوجی کی جانچ۔

اعصابی حالات (اسٹروک، عصبی عارضہ، فالج اور خلل): سب سے زیادہ حالیہ جانچ کے نوٹ، MRI EMG، **معاون آلات/گھر کی دیکھ بھال کی ضرورت۔**

اگر اپنی درخواست کے ساتھ شامل کرنے کے لیے مطلوبہ طبی دستاویزات کے بارے میں آپ کے کوئی اضافی سوالات ہیں، تو براہ مہربانی ***(347) 396-6552*** پر *NYC* کے محکمۂ صحت اور حفظان ذہنی صحت *(NYC Department of Health and Mental Hygiene’s, DOHMH)* کی طبی تصدیق کی یونٹ کو کال کریں۔

NYC Department of Transportation
Permits & Customer Service-PPPD Unit
30-30 Thomson Avenue, 2nd Floor
(47th Avenue ,30th Place کے قریب پر داخلہ)
Long Island City, New York 11101-3045
TTY (212) 504-4115 • nyc.gov/dot ,(718) 433-3100

نیویارک سٹی کا محکمہ ٹرانسپورٹ
نیویارک سٹی کی خصوصی پارکنگ کی شناخت کا اجازت نامہ
معذور افراد کے لیے پارکنگ کے اجازت نامے
(PARKING PERMITS FOR PEOPLE WITH DISABILITIES, PPPD)

سٹی کی معذوری کی پارکنگ کے اجازت نامہ کے لیے **چیک لسٹ**

اپنے درخواست کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے، *براہ مہربانی سٹی کے درخواست اور طبی تفصیل کے صفحہ پر موجود تمام ہدایات کو پڑھیں۔*

تمام درخواست گزار: اگر ذیل میں درج کی گئی کوئی بھی معلومات غائب ہے، تو آپ کی درخواست کو واپس آپ کے پاس میل کر دیا جائے گا:

کیا آپ نے اپنے شناختی دستاویز (ریاست کی طرف سے جاری کردہ ڈرائیور کا لائسنس، غیر ڈرائیور کا شناختی کارڈ؛ یا NYC میونسپل شناختی کارڈ جس کو IDNYC کے بطور بھی جانا جاتا ہے) کی کاپی منسلک کی ہے؟ [صفحہ 1، *ہدایات پر* ***PPPD کے اجازت نامے کے لیے مجھے کون سے دستاویزات فراہم کرنا ضروری ہیں؟*** *کو ملاحظہ کریں*]	.1	☐
کیا آپ نے ہر لائسنس پلیٹ کے لیے اپنی گاڑی کے رجسٹریشن کی کاپی منسلک کی ہے جو سٹی کے اجازت نامے پر ظاہر ہوگا؟ کیا وہ سبھی حالیہ ہیں (یعنی ان کی میعاد کی مدت ختم نہ ہوئی ہو)[*صفحہ 1، ہدایات پر* ***کس قسم کی گاڑی کی معلومات کی ضرورت ہوتی ہے؟*** *کو ملاحظہ کریں*]	.2	☐
کیا آپ کے سبھی گاڑی کے رجسٹریشن حالیہ ہیں (یعنی ان کی میعاد کی مدت ختم نہ ہوئی ہو)[*صفحہ 1، ہدایات پر* ***کس قسم کی گاڑی کی معلومات کی ضرورت ہوتی ہے؟*** *کو ملاحظہ کریں*]	.3	☐
کیا آپ نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے جانچ کی کہ آپ کی درخواست پر موجود نام اور پتہ آپ کے شناختی کارڈ کے پتے سے میل کھاتا ہے؟	.4	☐
کیا آپ کے حمایتی طبی دستایز پر موجود نام آپ کے طبی تفصیل کے صفحہ پر درج کردہ نام سے میل کھاتا ہے/ [**طبی تفصیل**، صفحہ 4 ملاحظہ کریں]	.5	☐
کیا آپ کے ڈاکٹر نے درخواست گزار کی طبی معلومات مکمل طریقے سے بھرا ہے، جس میں طبی تفصیل کے صفحہ پر دستخط کرنا اور تاریخ ڈالنا شامل ہے؟ [**طبی تفصیل**، صفحہ 4 ملاحظہ کریں]	.6	☐
کیا آپ کے سبھی حمایتی دستاویز (جیسے، X-Ray/CT/MRI رپورٹ، EKG/Stress Test، مشیر کے رپورٹ، وغیرہ) منسلک کیے گئے ہیں؟ کیا سبھی دستاویزات پر آپ کی درخواست سے ایک (1) کیلنڈر سال کے اندر کی تاریخ درج ہے؟ [*DOHMH طبی دستاویزات کی معلومات*، *صفحہ 5 ملاحظہ کریں*]	.7	☐
کیا آپ کے سبھی فارم مکمل طور پر بھرے گئے ہیں؟ کیا آپ نے درخواست پر دستخط مع تاریخ درج کی ہے؟	.8	☐

NYC Department of Transportation
Permits & Customer Service-PPPD Unit
30-30 Thomson Avenue, 2nd Floor
(47th Avenue کے قریب ,30th Place پر داخلہ)
Long Island City, New York 11101-3045
TTY (212) 504-4115 • nyc.gov/dot ,(718) 433-3100